اضافی وسائل

- نقل وطنی کی حیثیت سے قطع نظر ، شہر کی زیادہ تر خدمات نیو یارک کے تمام رہائشیوں کے لئے دستیاب ہیں۔ میئر کے دفتر برائے نقل وطنی امور سے مزید معلومات کے لیے 311 پر فون کریں یا www1.nyc.gov/immigrants پر جائیں۔

- **ActionNYC** ایک ایسا پروگرام ہے جو آپ کی زبان میں قابل اعتماد برادری تنظیموں سے بلامعاوضہ، محفوظ نقل وطنی پر قانونی مدد فراہم کرتا ہے۔
  - ملاقات کا وقت طے کرنے کے لیے، 354-0365 (800) پر صبح 9 بجے سے شام 6 بجے کے دوران، پیر سے جمعہ رابطہ کریں، یا 311 پر فون کریں اور "ActionNYC" کہیں۔

- اگر آپ مضطرب، پریشان، یا افسردہ محسوس کررہے ہیں تو مدد دستیاب ہے۔ آپ اکیلے نہیں ہیں۔ **ThriveNYC** آپ کو آپ کی زبان میں ذہنی صحت کی معاونتی خدمات تک رسائی فراہم کرے گا۔
  - NYC-WELL (888) پر فون کریں یا 65173 پر "WELL" ٹیکسٹ کریں۔ مزید آن لائن معلومات کے لیے یہاں جائیں nycwell.cityofnewyork.us

NYC Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

T-38124 Immigration Families (Urdu) 2025

تارکینِ وطن خاندانوں کے لیے تحفظ

آپ کی نقل وطنی کی حیثیت سے قطع نظر، نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) اپنے طلباء اور خاندانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہے۔

NYC Public Schools
Chancellor Melissa Aviles-Ramos

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

اپنے حقوق جانیئے

رازداری: محکمۂ تعلیم طالب علموں یا خاندان کے اراکین کی امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں نہ استفسار کرتا ہے نہ ہی سراغ لگاتا ہے۔ ہمارا عملہ نقل وطنی حیثیت سے متعلق ایسی کوئی دستاویز نہیں رکھے گا جو آپ نے انہیں فراہم کی ہوں۔ جب تک قانون کے تحت ضروری نہ ہو، DOE عملہ طالب علم کی معلومات کا اشتراک نہیں کرے گا۔

لسانی رسائی: آپ کے لیے اہم معلومات جاننے اور اپنے بچے کے اسکول سے ابلاغ کرنے کے لیے، DOE ہسپانوی، چینی، بنگالی، عربی، روسی، اردو، ہیتین کریول، فرانسیسی، اور کوریائی زبان میں ترجمے کی خدمات بلامعاوضہ فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ 200 سے زائد زبانوں میں ترجمانی کی سہولت بھی دستیاب ہے۔
مزید معلوامت کے لیے یہاں جائیں
www.schools.nyc.gov/school-life/support/in-your-language

محفوظ اسکول: تمام طلباء کے لیے محفوظ ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے، غیر مقامی قانون نافذ کرنے والے افسران، بشمول امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (ICE) کے اہلکاروں کو، قانون کے مطابق ضرورت پڑنے کے علاوہ DOE اسکولوں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے، اور یہ بھی صرف محکمۂ تعلیم کے وکلاء سے مشاورت کے بعد ممکن ہے۔

ICE افسران کے اسکول میں آنے کی صورت میں کیا ہو گا؟

- اسکول حفاظتی ایجنٹ پرنسپل سے رابطہ کرے گا، جو افسر سے حفاظتی ڈیسک پر ملیں گے۔ پرنسپل افسر کو اسکول کی عمارت کے باہر انتظار کرنے کا کہیں گے اور اس دوران وہ DOE وکلاء سے بات کریں گے۔
- پرنسپل DOE وکلاء سے بات کریں گے اور والدین یا سرپرست کو مطلع کریں گے۔ ICE اہلکاروں کو صرف اس صورت میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے گی اگر ان کے پاس درست عدالتی وارنٹ ہو یا اگر کوئی مخصوص قسم کی ہنگامی صورتحال پیش آئے جو فوری کارروائی کی متقاضی ہو۔

اپنے خاندان کا تحفظ کریں

اپنی معلومات کی تجدید کریں: اپنے بچے کے اسکول کو ہنگامی رابطہ معلومات فراہم کریں جن میں ایسے بالغ افراد کے نام اور ٹیلیفون نمبر شامل ہوں جو آپ کی غیر موجودگی میں آپ کے بچے کو اسکول سے لے جا سکتے ہوں (مثال کے طور پر: خاندان کے ارکان، دوست، آیا، پڑوسی، یا اسکول کے دوسرے والدین)۔ اس میں کوئی بھی پری کنڈرگارٹن، چائلڈ ڈے کئیر، یا اسکول کے بعد کا پروگرام شامل ہے جس میں اپ کا بچہ شرکت کرتا ہے۔

والدین اور قانونی سرپرست عدالت کو ایک **قائم مقام سرپرست** مقرر کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ایسی صورت میں کہ بچے کی نگہداشت کرنے والا فرد ICE کے ذریعے حراست میں رکھا جاتا ہے یا ملک بدر کردیا جاتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے، 311 کو فون کریں اور بلامعاوضہ اور محفوظ نقل وطنی قانونی مدد کے ساتھ رابطے کے لیے "ActionNYC" کہیں۔

سب کے لیے احترام:
کوئی بھی بچہ اسکول میں غیر محفوظ محسوس نہ کرے، اس لیے DOE ایک محفوظ اور معاون تعلیمی ماحول قائم رکھنے کے لیے پُرعزم ہے جو ہراسانی، دھمکی، غنڈہ گردی اور امتیاز سے پاک ہو۔ اگر آپ کا بچہ آپ کو ہراساں یا تنگ کیے جانے کے بارے میں بتاتا ہے تو، براہ کرم فوری طور پر اسکول کے عملے کو اس کی اطلاع دیں. غنڈہگردی کی رپورٹ کرنے کے مختلف طریقوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے،یہاں جائیں: schools.nyc.gov/RespectforAll

اگر میں بغیر دستاویز کے ہوں تو کیا میں اپنے بچے کے اسکول میں جاسکتا ہوں؟

جی ہاں۔ کسی DOE اسکول میں جانے کے لیے، آپ کے پاس سرکاری تصویری شناخت ہونا لازمی ہے۔ DOE میونسپل ID کارڈ IDNYC قبول کرتا ہے جو نیویارک شہر کے ذریعے نیویارک کے تمام مکینوں کو بلامعاوضہ جاری کیا جاتا ہے۔ IDNYC نقل وطنی حیثیت کی معلومات جمع نہیں کرتا ہے۔ بلامعاوضہ IDNYC کارڈ کے لیے آپ یہاں سائن اپ کر سکتے ہیں: www.nyc.gov/IDNYC.